**15.11.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

..................................

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے آج 'جن جاتیہ گورو دیوس' کے موقع پر 6 ہزار 600 کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت والے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کیا۔

☆ جھارکھنڈ میں دوسرے مرحلے کے اسمبلی انتخابات اور مہاراشٹر میں واحد مرحلے کے انتخابات سے کچھ ہی دن پہلے بڑی سیاسی پارٹیوں نے، ووٹروں تک پہنچنے کی اپنی کوششیں تیز کردی ہیں۔

☆ پورے ملک میں گرو نانک جینتی اور کارتک پورنیما کے تہوار پوری مذہبی عقیدت اور جوش وخروش کے ساتھ منائے جارہے ہیں۔

☆ ایس اینڈ پی عالمی درجہ بندی کے ادارے نے مالی سال 2027 تک، بھارت کی GDP کی شرحِ ترقی ساڑھے چھ سے سات فیصد رہنے کی پیش گوئی کی ہے، جس کی وجہ، بنیادی ڈھانچے کا فروغ اور کھپت میں اضافہ ہے۔

☆ سری لنکا کی برسراقتدار نیشنل پیپلز پاور نے، پارلیمانی انتخابات میں زبردست اکثریت حاصل کی ہے۔

☆ اور کرکٹ میں آج شام جوہانسبرگ میں، چوتھے اور آخری ٹی ٹوینٹی بین الاقوامی میچ میں بھارت کا مقابلہ میزبان جنوبی افریقہ سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**REV PM JANJATIYA**

وزیر اعظم نریندر مودی نے جن جاتیہ گورو دیوس کے موقع پر بہار کے شہر جموئی سے 6 ہزار 600 کروڑ روپے

سے زیادہ لاگت والے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ اِن پروجیکٹوں کا مقصد خطے کے دیہی اور دوردراز کے علاقوں میں قبائلی آبادیوں کے معیارِ زندگی اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری ہے۔ دھرتی آبا برسا منڈا کا احترام پورے ملک میں قبائلی آبادیاں بھگوان کے طور پر کرتی ہیں۔ آج ہی برسا منڈا کے 150ویں یوم پیدائش کی تقریبات بھی منائی جارہی ہیں۔ اِس موقع پر جناب مودی نے بھگوان برسا منڈا کے اعزاز میں ایک سکہ اور ڈاک ٹکٹ بھی جاری کیا۔ وزیراعظم مودی نے پردھان منتری جَن جاتیہ اُنت گرام ابھیان کے تحت 11 ہزار مکانات کے گرہ پرویش میں بھی ورچوئل وسیلے سے شرکت کی۔×

## AMIT SHAH BIRSA MUNDA

وزیر داخلہ امت شاہ نے آج نئی دِلی میں بانسیرا پارک میں، تاریخ ساز مجاہد آزادی بھگوان برسا منڈا کے ایک مجسّمے کی نقاب کشائی کی۔ اِس موقع پر جناب شاہ نے برسا منڈا کو بھارت کی جدوجہد آزادی کے عظیم ترین جانبازوں میں سے ایک قرار دیا۔ اُنہوں نے ملک کیلئے برسا منڈا کے زبردست تعاون کا خاص طور پر ذکر کیا۔ اُنہوں نے زور دے کر کہا کہ قبائلی برادریاں، بھگوان برسا منڈا کی طرف سے کی گئی کوششوں پر ہمیشہ اُن کی شکرگزار رہیں گی۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ بھگوان برسا منڈا نے کم عمر میں ہی اپنی زندگی کو ملک اور قبائلی عوام کی بہتری کیلئے وقف کردیا تھا۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ برسا منڈا نے قبائلی آبادیوں کیلئے پانی، زمین اور جنگلات کی اہمیت کے بارے میں بیداری میں اضافہ کیا۔

S/B: Amit Shah

وزیر داخلہ نے کہا کہ نریندر مودی حکومت قبائلی علاقوں کی ترقی اور قبائلی عوام کی بہتری کیلئے انتھک کام کررہی ہے۔×

## JHARKHAND CAMPAIGNING

جھارکنڈ میں NDA اور I.N.D.I.A. بلاک کے رہنماؤں نے دوسرے مرحلے کے اسمبلی انتخابات کیلئے اپنی چناوَ مہم تیز کردی ہے۔ سیاسی پارٹیاں ووٹروں کو راغب کرنے کے لئے ایک دوسرے پر الزام تراشی کر رہی ہیں۔

دھنباد کے Tundi میں انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے سینئر BJP لیڈر اور وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے جھارکھند کے وزیراعلیٰ کی نکتہ چینی کی۔ جناب سنگھ نے زور دیا کہ یہ وقت سورین کو ہٹانے اور BJP کو ووٹ دے کر اقتدار میں لانے کا ہے۔

S/B - Rajnath Singh

Godda ضلع میں ایک انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کانگریس کے سینئر رہنما راہل گاندھی نے کہا کہ اگر .I.N.D.I.A اتحاد کو اقتدار میں آتا ہے تو عوام سے کیے گئے تمام وعدے پورے کیے جائیں گے۔

S/B - Rahul Gandhi

سینئر RJD لیڈر تیجسوی پرساد یادو نے دیوگھر میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے الزام لگایا ہے کہ BJP مذہب اور ذات کے نام پر سماج کو بانٹ رہی ہے۔

سینئر BJP لیڈر شیوراج سنگھ چوہان ، ہمنت بسوا سرما اور چمپئی سورین نے بھی Dumka، Pakur اور Jama میں مختلف انتخابی ریلیوں سے خطاب کیا۔×

## MAHARASHTRA CAMPAIGNING

مہاراشٹر میں مرکزی وزیر اور سینئر BJP لیڈر امت شاہ Hingoli ، یوتمال اور چندر پور میں آج مختلف ریلیوں میں حصہ لیں گے۔

دوسری طرف این سی پی ایس پی کے شرد پوار سَتارا، کولھاپور اور سانگلی میں مہا وکاس اگھاڑی کے امیدوار کی حمایت میں لوگوں سے ووٹ مانگیں گے۔

شیو سینا یو بی ٹی کے سربراہ ادھو ٹھاکرے چھترپتی سنبھاجی نگر اور ناسک میں چناؤ مہم میں حصہ لیں گے۔

مہاراشٹر میں اس مہینے کی 20 تاریخ کو پولنگ ہوگی اور ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو ہوگی۔×

## MAHA PUNE KASBA

مہاراشٹر میں آئندہ اسمبلی انتخابات سے پہلے، حلقوں کی تفصیلات کے بارے میں جاری ہم اپنی سیریز میں آج پونے میں Kasba حلقے کی بات کررہے ہیں۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ Kasba حلقے پر ضلع کے آٹھ حلقوں میں سب سے زیادہ سیاسی بحث کی گئی ہے۔

V/C: Manoj Kshirsagar

Kasba حلقہ شہر کے وسط میں واقع ہے اور ضلع میں سیاسی اعتبار سے کافی اہم ہے۔ یہ حلقہ 1995 سے 2019 تک BJP کا قلعہ کہا جاتا تھا۔ بعد میں BJP کے ممبر پارلیمنٹ گریش باپٹ تقریباً 35 سال تک حلقے کی تعمیر میں مصروف رہے۔ بعد میں بی جے پی ایم ایل اے اور پونے کی سابق میئر مکتا تلک نے 2019 کا انتخاب جیتا۔ لیکن یہاں پچھلے سال اُن کے انتقال کے سبب ضمنی انتخابات کرائے گئے، جن میں کانگریس کے رویندر دھانگیکر نے

BJP امیدوار ہیمنت رسانے کو شکست دی تھی، جس کے بعد Kasba میں BJP کا دورِ اقتدار ختم ہوگیا۔ اِس کے بعد دھانگیکر اور رسانے اِن انتخابات میں آمنے سامنے ہیں۔ البتہ کانگریس کو بغاوت کا سامنا ہے۔ اِس حلقے میں 12 امیدوار چناؤ لڑرہے ہیں۔

پونے سے منوج Kshirsagar کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں............

## JHARKHAND FOUNDATION DAY

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور وزیراعظم نریندر مودی نے جھارکھنڈ کے عوام کو، ان کی ریاست کے یوم تاسیس پر مبارک باد دی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ بھگوان برسا منڈا، ویر Sido-Kanhu، Chand-Bhairav، تلکا ماجھی اور نیلامبر-پیتامبر جیسے کئی جاں بازوں نے جھارکھنڈ کی سرزمین کو افتخار بخشا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جھارکھنڈ قدرتی وسائل سے مالا مال ریاست ہے اور جھارکھنڈ کے عوام نے ملک کی ترقی میں قابل قدر تعاون دیا ہے۔×

## GURU NANAK JAYANTI NEW

آج بھارت اور دنیا بھر میں، شری گرو نانک دیو جی کا 555 واں یوم پیدائش پرکاش پرو پوری مذہبی عقیدت کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ سبھی مذہبوں کے سیکڑوں عقیدتمند امرتسر میں شری ہرمیندر صاحب اور دیگر گرودواروں میں اَرداس کررہے ہیں۔

سکھ مت کے بانی گرونانک دیو جی Rai Bhoi Di Talwandi میں پیدا ہوئے تھے، جسے اب پاکستان میں ننکانا صاحب کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اُن کی تعلیمات میں مساوات، محبت اور خدا کے تئیں خود کو وقف کردینے کا درس شامل ہے۔

V/C: Rajesh Bali

Kasba حلقہ شہر کے وسط میں واقع ہے اور ضلعے میں سیاسی اعتبار سے کافی اہم ہے۔ یہ حلقہ 1995 سے 2019 تک BJP کا قلعہ کہا جاتا تھا۔ بعد میں BJP کے ممبر پارلیمنٹ گریش باپٹ تقریباً 35 سال تک حلقے کی تعمیر میں مصروف رہے۔ بعد میں بی جے پی ایم ایل اے اور پونے کی سابق میئر مکتا تلک نے 2019 کا انتخاب جیتا۔ لیکن یہاں پچھلے سال اُن کے انتقال کے سبب ضمنی انتخابات کرائے گئے، جن میں کانگریس کے رویندر دھانگیکر نے BJP امیدوار ہیمنت رسانے کو شکست دی تھی، جس کے بعد Kasba میں BJP کا دورِ اقتدار ختم ہوگیا۔ اِس کے

بعد دھانگیکر اور رسانے اِن انتخابات میں آمنے سامنے ہیں۔ البتہ کانگریس کو بغاوت کا سامنا ہے۔ اِس حلقے میں 12 امیدوار چناؤ لڑرہے ہیں۔

پونے سے منوج Kshirsagar کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں............

## CUTTACK FESTIVAL

ایشیا کے بڑے اوپن Air تجارتی میلے Bali Jatra کا آج سے آغا ہورہا ہے۔ اس میلے کا اہتمام، اڈیشہ کی سمندری تجارت کی قدیم تاریخ کا جشن منانے کے لیے کیا جاتا ہے۔ اس میلے کا آغاز Kartika کے دن ہو رہا ہے کہ جس دن چاند مکمل ہوتا ہے اور یہ میلہ 22 نومبر تک جاری رہے گا۔

Bali Jatra ، جس کا مطلب ہوتا ہے ''بالی کا سفر'' ، اس میں کارتک پورنیا کے دوران مہاندی سے Boitas کشتیوں کے ذریعے دور دراز کے سرزمین کا سفر کرنے کی اڈیشہ کے تاجروں کی پرانی روایت کا احترام کیا جاتا ہے۔ وزیر اعلیٰ موہن چرن ماجھی آج دوپہر بعد اس فیسٹیول کا باقاعدہ آغاز کریں گے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے تاریخی 'Baliyatra' تہوار اور 'Boit Bandan' کے مبارک موقع پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے اور اُن کی خوشی اور خوشحالی کے لیے دعا کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اس بات کا ذکر کیا کہ بھارت کی مالامال سمندری وراثت کے تئیں اڈیشہ کی خدمات اہم ہیں۔ انہوں نے اس بات کو اجاگر کیا کہ اپنے شاندار ماضی سے ترغیب حاصل کرکے اور لوگوں کی کوششوں اور محنت سے، ایک ترقی یافتہ بھارت کی تعمیر کی جائے گی۔ x

## PM BODOLAND MAHOTSAV

وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں پہلے بوڈولینڈ مہوتسو کا افتتاح کریں گے۔ یہ دو روزہ مہوتسو ایک متحرک بوڈو سماج کی تعمیر اور امن کو برقرار رکھنے کی خاطر زبان وادب اور ثقافت پر مبنی ایک عظیم الشان تقریب ہے۔ وزیراعظم کے دفتر نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اِس مہوتسو کا مقصد نہ صرف بوڈولینڈ کے مقامی باشندوں بلکہ آسام، مغربی بنگال اور نیپال کے دیگر حصوں اور شمال مشرق کے دیگر بین الاقوامی سرحدی علاقوں کے افراد کو مربوط کرنا ہے۔

اس مہوتسو کا موضوع 'خوشحال بھارت کیلئے امن و ہم آہنگی ہے'، جس کے تحت بوڈولینڈ علاقائی خطے کی دیگر برادریوں کے ساتھ بوڈو برادری کی مالا مال ثقافت، زبان اور معلومات پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔

یہ مہوتسو وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں 2020 میں بوڈو امن معاہدے پر دستخط کئے جانے کے بعد سے

بحالی اور پائیداری کے نمایاں سفر کا جشن منانے کا بھی ایک موقع ہے۔×

## IND GDP BOOST

ملک کی GDP کی شرح ترقی کے بارے میں پیش گوئی کی گئی ہے کہ یہ 2027 تک اگلے تین مالی برسوں میں ساڑھے چھ سے سات فیصد سالانہ رہے گی۔ جس کی وجہ بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور کھپت میں اضافہ ہے۔ ایس اینڈ پی عالمی درجہ بندی کے ادارے نے اپنی تازہ ترین رپورٹ میں کہا ہے کہ ڈھانچہ جاتی بہتری اور اچھے اقتصادی منظرنامے سے بھارت کے مالی اداروں کو، خود کو حالات کے مطابق ڈھالنے میں مدد ملے گی۔×

## REV SL ELECTIONS

سری لنکا کی حکمراں پارٹی نیشنل پیپلز پاور NPP نے پارلیمانی انتخابات میں دو تہائی سبقت حاصل کرلی ہے۔ بائیں بازو کے اتحاد نے 196 سیٹوں میں سے 141 سیٹیں جیتی ہیں۔ جس میں سے قومی فہرست کی 29 سیٹوں کا اعلان ہونا ابھی باقی ہے۔ Sajith Premadasa کی قیادت والی اہم اپوزیشن Samagi Jana Balawegaya ، 35 سیٹوں کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہی۔ جبکہ Ilankai Tamil Arasu Kadchi نے سات سیٹیں جیتی ہیں۔ New Democratic Front جس نے سابق صدر Ranil Wickremasinghe کے ساتھ اتحاد کیا ہے، کو بھاری نقصان لگا ہے کیونکہ وہ صرف تین سیٹیں ہی جیت سکی ہیں۔

تقریباً 65 فیصد لوگوں نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔ پولنگ کا عمل مکمل ہونے کے بعد ووٹوں کی گنتی شروع ہوئی۔×

## CRICKET IND-SA

کرکٹ میں آج شام جوہانسبرگ کے Wanderers اسٹیڈیم میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان چوتھا اور آخری ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے آٹھ بجے شروع ہوگا۔ بھارت کو 4 میچوں کی سیریز میں دو-ایک کی سبقت حاصل ہے۔ پہلے ٹی ٹوئنٹی میچ میں بھارت نے جنوبی افریقہ کو 61 رن سے ہرایا تھا دوسرے میچ میں میزبان جنوبی افریقہ نے تین وکٹ سے جیت حاصل کرکے سیریز برابر کرلی تھی۔ تیسرے میچ میں بھارت نے جنوبی افریقہ کو گیارہ رن سے ہراکر سیریز میں سبقت حاصل کرلی تھی۔×

**CAQM DELHI AIR POLLUTION**

ہوا کے معیار کے بندوبست سے متعلق کمیشن CAQM نے ہوا کی کوالٹی کو مزید خراب ہونے سے روکنے کیلئے دلّی، NCR میں GRAP کے تیسرے مرحلے کو نافذ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ پورے NCR میں آج سے GRAP کے تیسرے مرحلے کے مطابق گیارہ نکاتی ایکشن پلان کو نافذ کیا جا رہا ہے۔ اس کے تحت سڑکیوں کی صفائی اور روزانہ کی بنیاد پر دھول پر قابو پانے کے لیے پانی کا چھڑکاؤ اہم اقدامات میں شامل ہے۔ NCR میں سبھی طرح کے انہدامی اور تعمیراتی کاموں پر مکمل پابندی ہے۔ شہریوں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ کم دوری کے لیے پیدل چلیں یا سائیکل کا استعمال کریں اور اپنے آس پاس کی صفائی ستھرائی رکھیں۔ جن افراد کو گھر سے کام کرنے کی سہولت ہے انہیں گھر سے کام کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

آلودگی کی سطح میں اضافہ کی وجہ سے دلی کے تمام پرائمری اسکولوں میں اگلی ہدایت تک آن لائن کلاسز کا اہتمام کیا گیا ہے۔ ×

☆☆☆☆☆